## سوال

(204)اگر عیسیٰ اور موسیٰ میرے زمانے میں ہوتے میری پیروی ..الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حضورﷺ پر نور فرماتے ہیں کہ اگر عیسیٰ اور موسیٰ میرے زمانے میں ہوتے توان کو میری پیروی کے بغیر کوئی چارہ نہ تھا کیا یہ حدیث صحیح ہے۔ یا بے اصل بے بنیاد؟ (محمد بن ولی جوناگڑھی از رنگون)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ حدیث مشکواۃ میں یوں آتی ہے۔ "لو کان موسی حیا لماوسعه الااتباعی" اگر موسیٰ زندہ ہوتے تو میری پیروی کرتے۔ عیسیٰ کا لفظ کسی صحیح حدیث یا معلوم الاسناد حدیث میں نہیں آیا۔ صرف تفسیر بن کثیر میں زیر آیت

وَإِذْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ النَّبِيِّينَ ‎٨١ سورة آل عمران

یوں مرقوم ہے۔ "وفی بعض الاحادیث لو کان موسی وعیسی" حیین لیکن نہ اس کی سند بتائی ہے۔ نہ اس کا مخرج اس لئے صحیح معلوم الاسناد کا مقابلہ نہیں کرسکتی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

**جلد01ص386**

محدث فتویٰ